مظہرِ عشق

مجموعہ کلام اردو خواجہ ارشد علی خاں قلق شاگرد وزیر لکھنوی مجلد۔

ان من الشعر لحکمة

الحمد للہ کہ ان ایام فرخندہ فرجام مین دیوان فصاحت نبیان بلاغت تو امان از تصانیف یار السلطان
آفتاب الدولہ مہر الملک خواجہ ارشد علیخان بہادر شمس جنگ عرف خواجہ اسد متخلص بہ قلق دیباچہ فرعشق مسمی بہ

مظہر عشق

کہ ارشد تلامذہ واقرباء غرہ مہر سپہر سخنوری رشک ظہوری و انوری نکتہ سنج بے نظیر
جناب خواجہ محمد وزیر صاحب لکھنوی متخلص بہ وزیر غفر اللہ القدیر سے ہین
مطبع منشی نول کشور کانپور مین بھگوان دیال الخبیب نے چھاپا اور شائع کیا

عہ جز

اطلاع- اگرچہ اس مطبع مین ہر علم وفن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جس کی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے ملسکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم کر سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی لیکن خاص اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادہ ہین اُن بعض کتب کلیات و مثنویات اُردو وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اس فن کی اور بھی کتب

موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
کلیات ودواوین اُردو		کلیات صنعت-	۹ر۹ پائی
کلیات ظفر ہر چار جلد کامل- دو جلد مین-	عگار ۴ر	دیوان شاہ تراب-	۱۱ر۳ پائی
انتخاب کلیات ظفر-	۶ر	کلیات نظیر اکبرآبادی-	۶ر۶ پائی
کلیات مومن-	۹ر۳ پائی	کلیات وہبی- کاغذ سفید چکنا-	۹ر
دیوان ناسخ-	۱۲ر۶ پائی	دیوان ذوق-	سہر۳ پائی
کلیات آتش-	۸ر	دیوان فدا- جلد ثانی مسمّٰے بریاض گلفشان	۷ر
کلیات نعتیہ مجید- مصنفہ مولوی عبد المجید خان-	عہر	دیوان رند- مسمّٰے بگلدستۂ عشق-	۶ر۹ پائی
کلیات امیر اللہ تسلیم-	۱۲ر	دیوان غالب- دہلوی-	بلا وصفات ۳ر۶ پائی
کلیات میر تقی-	عہ ۱۴ر	دیوان خواجہ میر درد-	۲ر
کلیات سودا-	عہ ۴ر	دیوان بہار عرب-	۱ر۶ پائی
کلیات انشاء اللہ خان-	عہ	دیوان لطف-	۳ر
شاہد عشرت-	۶ پائی	دیوان امیر- موسوم بہ مرآۃ الغیب-	۱۱ر
سخن شعرا-	۱۵ر	دیوان غافل- منور خان صاحب-	سہر
زبان ریختہ-	۶ پائی	دیوان مرغوب بیان تصنیف تجمل حسین خان صاحب	۸رب
قطعہ منتخب-	۳ر۳ پائی	دیوان نیاز-	۲ر

بعون صانع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

از تصانیف یار السلطان آفتاب الدولہ مہر الملک خواجہ ارشد علیخان بہادر تہور جنگ
عرف خواجہ اسد متخلص بہ قلق دیوان فصاحت بیان دیباچہ دفتر عشق مسمی بہ

مظہر عشق

۱۹۱۱ء

کہ ارشد تلامذہ و اقرب اعزہ مہر سپہر سخنوری رشک ظہوری و انوری شاعر بے نظیر
جناب خواجہ محمد وزیر صاحب لکھنوی متخلص بہ وزیر غفر اللہ القدیر سے ہیں

مطبع منشی نولکشور میں بزیور طبع مزین و مطبوع ہو کر چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصیدہ در مدح ابوالمنصور ناصر الدین سکندر جاہ خاقان ابن خاقان سلطان ابن سلطان سلطان عالم محمد واجد علی شاہ بادشاہ اودھ اختر نگر غازی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ

زبس ہے جوش نمو از درون غنچہ رنگ بہار
تڑپتی رگِ گل مثل نبض عاشق زار

ہوا بہار سے ہر اک پتنگ رشک ہزار
نہال شمع بنی شاخ شعلہ لائی بار

زمین ورد میں ہے موئی اندو تمیں باغ بہار
کہ شاخ گاؤ زمین سبز ہو کے لائی بار

سنے ہیں صاف ہم آواز گلرخان عاشق
شکست رنگ کی آواز ہے ترانۂ یار

یہ عندلیب سے کہدے کوئی نئے مژدہ | سوار باد ہوئی ہے گُل سلیمان واز
چمن مین گر کوئی بید بیت و پا کو لے آئے | تو ہاتھ پاؤن ہوں پیدا برنگ شاخ چنار
دکھا رہی ہی مسیحا کیطرح سے اعجاز | چمن مین قوت نشو و نمائے فصل بہار
نکالے آنکھ جو بالفرض کوئی مجرم کی | یقین ہی پھر وہ نکل آئے چشم نرگس وار
ہزار نکلین پر و بال سعی نامیہ سے | عجب نہین ہی جو مرغ کباب ہو طیار
کلیم آئین چمن مین اگر پے گلگشت | یقین ہی ید بیضا سے نکلے بلبل زار
جو اشرفی ہی گل اشرفی تو زر در گل | بنی ہی رشک چمن ہر امیر کی سرکار
یہ سعی نامیہ سے ہوتے ہین ثمر پیدا | کہ قطرے شبنم تر کے ہین دانہ ہائے انار
زبس ہی قوت نشو و نما عجب کیا ہی | کہ گرمی دانہ سے پیدا اگر ہو شاخ چنار
پڑھون وہ مطلع رنگین و عاشقانہ اب | ہزار جس کی کرے صف بلبل گلزار

مطلع ثانی

نہال قد پری اسکو کرے وہ فضل بہار | بلند ہو قد آدم اگر زمین سے غبار
دکھا رہی ہی یہ حد مین کثرت آج بہار | ریاض دہر مین ایک ایک گل بنا گلزار

مطلع ثالث

وہ عجب دبدبۂ حضرت کا ہی وہ جاہ و جلال
کہ فلک پست ہوا مورد ضعف سے ناچار

[illegible]

ریاض دہر مین کی آپ نے یہ زر بخشی
کہ غنچا کی روش گل بھی ہو گئے زردار

بنی ہر شاخ صدف آب فقیر کی کشتی
بھرے ہین دانۂ گندم کی جا دُرِ شہوار

چمن ہوا ہی زر گل سے گنج باد آورد
نثار ہی ہر گل اشرفی کو باد بہار

اُٹھا کے بار عنایات کو جو جیل شہ کا
اسی سبب سے خمیدہ ہی چرخ کج رفتار

لکھون صفت مین بھلا کیا عطائے بیحد کی
شمار ہو نہ سکے جس کا تا بروز شمار

کرم سے شاہ کے ہی جام جم جو کاسۂ فقر
گدا کو شاہ کہا کرتے ہین صغار و کبار

کرم سے آپ کے ادنی بھی ہو گئے اعلی
بنے ہین کرمک شب تاب کوکب سیار

گلیم پوش دو شالے بچھا کے سوتے ہین
جو تھے پیادے وہ اب ہو گئے ہین خیل سوار

ہوا ہی حکم سبھی سے جو بہر بت شکنی
شکستہ لکھتے ہین لفظ بتا کو سب یکبار

جنیو پہنا برہمن نے تو ہلاک ہوا
بنا جنیو کا ہاتھ اُسکے واسطے زنار

لب پیالہ ساقی ہی مائل توبہ
صدائے قلقل مینا ہی صاف استغفار

جو آب حاجی مین ہین تقیہ ہی ہیبت شرع
چھپا ہی دانہ سبحہ مین رشتۂ زنار

جم و سکندر و دارا و قیصر و فغفور
یہ کمترین غلام حضور ہین دو چار

[illegible]

۵

چلے جو باد بہاری تو پھولوں کے بدلے
فلک سے گرائے تصدق میں کوکب سیار

بس اب زبان کو روک اے قلق ادب کر ادب
کہاں تو اور کہاں مدح شاہ عرش وقار

خدا کی شان ہے کیا خوب چھوٹا منھ بڑی بات
زبان روک ذرا سن چکے ترے اشعار

ادا کرے شکر اب تو کہ فضل سے اپنے
یہ تجھسے ہیچ پہ ان کو دیا خدا نے وقار

کہ ایسا کامل و ذی مرتبہ ملا استاد
جہاں کہ خسرو ملک سخن ہیں باج گزار

ترا یہ منھ تھا کہ سلطان عالم و عادل
بنائیں دست مبارک سے خود ترے اشعار

خوشا نصیب و خوشا قسمت و خوشا طالع
کہ ہو حضور کے شاگردوں میں ترا بھی شمار

اگر یونہیں ہی چندے نگاہ مہر حضور
برنگ مہر چمک جائیں گے ترے اشعار

حضور میں جو ارادہ ہو عرض حاجت کا
تو اضطراب بیجا ترا ہے اور بیکار

تو دل میں سوچ تو ایسے سخی سے اور سوال
جہاں کہ ابر سخاوت ہے روز گوہر بار

ہمارے خانۂ امید میں نہ آئے گی
کہاں تلک قلق اس ابر فیض کی بوچھار

اٹھا کے دست دعا سوئے قبلۂ حاجات
دعائیں مانگ یہ لے کہ اے مرے غفار

رواج عشق کا جبتک رہے زمانے میں
جہاں میں گرم رہے تا کہ حسن کا بازار

نہ نور پہ صندل کا دیکھو جوبن
آسمانی ازار اطلس ہی تو سوسنی کی رن
شمع ہو جھلکے ہی جامہ حریر شفق
نخل قامت کو ہو در کار اگر پیراہن
شمع فانوس سے جھلک رہی نظر آتی ہی
[illegible]

نور مین ہر شجر باغ ہی اک فرشی جھاڑ	بزم گلزار مین لانیکو کنول ہین روشن
جوش گل ہی یہ چمن مین خس و خاشاک ہین گم	آشیان پھولون سے چھپاتا ہی ہر اک مرغ چمن
بے سبب گل نہین تسخیر ہوے ہین شاید	عندلیبون کے گلے مین ہی دعاے سوسن
ہر سحر کرتی ہی مشاطہ گری باد بہار	صرف آرائش و تزئین ہین عروسان چمن
کیا فقط روغنی شمع گل شببو ہی	چار سو سرو کے اک شاخ الگ ہی روشن
جسطرف دیکھو ہی اک رنگ مین ہر پیڑ مست	بدھیان پھولونکی پہنے ہین جوانان چمن
غنچے ہین بلبلون کے ہر شجر گلشن پر	شاخون نین جھولنے کو ڈالی ہی عشق کی رسن
یہ ہوا چلتی ہی جان بخش عجب کیا ہی اگر	مرغ تصویر بھی پرواز کرے سوے چمن
وا ہوا غنچۂ دل دیکھکے اس موسم مین	بلبل طبع رسا نے یہ کہا مجھسے سخن
اب ولیعہد بہادر کی لکھو کچھ تعریف	ہو چکی ہو چکی رنگین سخنی شفق من
سن کے یہ نکتہ دلچسپ ہوا جی محظوظ	شاہد طبع دکھانے لگا اپنا جوبن
نور آگین کیا اس رنگ کا مطلع موزون	جس سے شرمندہ ہوا مطلع صبح گلشن

مطلع ثانی

[illegible]

صفحہ ۶

[illegible]

ضیغم بیشۂ جرأت ہی یہ تو ہین کہ ڈرے
شیر سے آنکھ ملائے تو جھکائے گردن

ایسے سرفرازنہ ہم پائین اگر ڈھونڈھ پھرین
چین و روم و ختن و مصر و بدخشان و یمن

خلق مین وضع مین ہمت مین و تمکین مین ہنوز
کہین دنیا مین عدیل اسکا نہین مشفق من

بانکا پورا ہی ایسا جو کہے منھ سے کرے
مجو دلیسے رہے تا حاصل مطلب ہمہ تن

رفقا پرور و طباع و متین و دانا
نکتہ بین و ہمہ دان قدر شناس ہر فن

وہ طبیعت ہی کہ اس ذہن و ذکا کے آگے
طفل مکتب ہی ارسطو تو فلاطون کودن

حال ہمت کا بھی اسوقت ہر اک پر کھلجائے
گنج قارون اُسے مجلاے اگر مشفق من

گلشن نظم مین چہکے جو ذرا بلبل فکر
طرفہ دکھلائے بہار چمنستان سخن

زیور معنی رنگین سے عروس مضمون
یون سجے مین سجتی ہی جسطرح دولھن

روزمرہ وہ کہا مان گئے اہل زبان
اصطلاحات پہ صدقے ہوئے ارباب سخن

نثر انشا جو کوئی کی تو پروئے موتی
زیب ہی کہیے کہ درج در مضمون ہی دہن

طبع دشوار پسند آگئے جو دشواری پر
روح ظفر کی بھی سمجھے نہ ذرا مغز سخن

سہل اس رنگ سے لکھا کہ ہوا مشکل تر
چونک اٹھا بلبل شیراز میان مدفن

کہا یہ قلقل مینا نے مجھ سے مستی میں | پیالہ ہاتھ سے رکھ کہہ ادب سے مدح حضور
وہ کون یعنی کہ سلطان عالم و عادل | ملک سپاہ فلک قدر رشک فغفور
قوی ضعیف ہوئے بسکہ عہد سلطاں میں | بنائے باز کے چنگل میں آشیاں عصفور
اگر پتنگ کا دھوکے سے ایک پر جلجائے | تو مارے خوف کے محفل سے شمع ہو کافور
کرم سے اپنے جسے چاہیں تاج بخش کریں | پڑے جو سایہ بنے صورت ہما عصفور
نگاہ مہر عنایت سے رتبہ افزوں ہو | جہاں میں ذرہ ہر اک آفتاب ہو مشہور
جو آستیں سے باہر ہو دست گوہر بار | وہیں غبار یتیمی رخ گہر سے ہو دور
کرم سے شہ کے گدا بھی ہے شاہ کہلاتا | کہ پاؤں توڑ کے بیٹھا تو ہو گیا تیمور
اٹھا کے ہاتھ دعا مانگ اے قلق چلسے | دکھایا صبح اجابت نے چہرۂ پُر نور
خدا کے فضل سے تا ہے در اجابت باز | دعا قبول کرے جبتلک کہ رب غفور
رہے زمیں پہ جب تک کہ آسمان قائم | ہمیشہ ماہ کو تا آفتاب بخشے نور
ہمارا شاہ شہنشاہ ہفت کشور ہو | رکاب چومے سدا روح قیصر و فغفور

در تہنیت عید الضحی

گردش سے چشم مست شہ خوش نگاہ کی
دل دلبرون کا صورت سرمہ پسا رہے

سودا فزون ہو الفت مژگان شاہ کا
کھٹکا یہ میرے گلشن دل مین لگا رہے

اے ظل حق ہما کی سعادت ہو وہ اگر
محتاج آسب سایۂ نعلین کا رہے

حاتم کی روح کی یہ صدا ہے کہ اے کریم
تا حشر اس سخی کا در فیض وا رہے

بادام چشم و سیب زنخدان حضور کا
عاشق کے درد دل کی ہمیشہ دوا رہے

اس نونہال باغ تمنائے خلق کی
ہر دم ریاض دہر مین نشو و نما رہے

یارب نہال عیش شہنشاہ کا مرے
گلزار روزگار مین پھولا پھلا رہے

نیسان کی طرح دامن امید خلق پر
دُربار ابر رحمت و جود و سخا رہے

بھرتی ہو میرے آگے ہوا خواہیونکا دم
یا مین ہی اس چمن مین رہون یا صبا رہے

بوسہ اگر ملے لب میگون کا آپ کے
بنت عنب کو ہوش نہ باقی ذرا رہے

دریا دلی شہ کا بڑھے روز اوج موج
جوش و خروش قلزم جود و عطا رہے

سونگھے کبھی جو نکہت زلف حضور کو
ہر دم دماغ سنبل گلشن بسا رہے

لین اس گل عذار سے گل دام رنگ رو
طوطی خط سبز سدا بولتا رہے

ثریا وقار و فلک بارگاہ [illegible] شاہ عالم پناہ

بہار گلستان ہندوستان [illegible]

[illegible] گل باغ اقبال خاقان کلاہ

فریدون وقار و سلیمان حشم [illegible]

رکاب سعادت مین کچھ کچھ خواص
چپ و راست چارون غلامان خاص

قلق اور برق و بتول و اسیر
کہ جن کا نہین چار حد مین نظیر

سلیمان سوار ہوادار تھا
جلو ریز ہر ایک ہوادار تھا

کہین مجمع خوبرویان شہر
چنندہ جو تھے سب مین اور جان شہر

تماشائیون کا وہ ہر سو ہجوم
وہ چارون طرف آمد آمد کی دھوم

زہے حسن سلطان عالم پناہ
ٹھہرتی نہ تھی جس پہ ہرگز نگاہ

سمن بو صنوبر قد و گلبدن
وہ زیب بدن سوسنی پیرہن

نیا رنگ پوشاک لائی قلق
بہار گل سوسن آئی قلق

وہ چتون کہ غارت گر جان و دل
وہ آنکھین کہ نرگس بھی جنسے خجل

وہ تیور کہ شیرون کا زہرہ ہو آب
وہ صولت کہ تھرائے افراسیاب

پئے عاشقان قبلہ و کج کلاہ
سنانون سے افزون وہ ترچھی نگاہ

جو کی تیغ ابرو سے سلطان کی دید
حسین ہو گئے کربلا مین شہید

الٰہی سلامت رہین تا ابد
نہ پہونچے قیامت تلک چشم بد

[illegible]

بسم الله الرحمن الرحیم

(ردیف الف)

تو وہ خورشید ہی گردون یکتائی و وحدت کا
دو عالم ایک مطلع ہی ترے دیوان قدرت کا

عوض طاعت کے یہ عاصی نہین مشتاق جنت کا
مجھے منظور ہی احسان لینا تیری رحمت کا

ہمیشہ رند مشرب و ہم ترا بھرتے ہین ساقی
رہے آباد مجمع اس خرابات محبت کا

کرونگا روز پرسش عرض گستاخانہ اتنی تو
گنہگاری کا باعث تھا بھروسا تیری رحمت کا

تو وہ ہی نخلبند گلشن ایجاد اے صانع
ریاض دہر گلدستہ ہی تیرے باغ صنعت کا

کریگا حشر مین ہم عاصیونکو سرخرو تو ہی
ترے محبوب نے بیڑا اٹھایا ہی شفاعت کا

ریاض دہر مین سب سے ہی یکتائی یکتا ہین
ہر اک شمشاد پر عالم ہی انگشت شہادت کا

مخمس

11

[illegible]

تو اپنے نقد طاعت پر غرور اتنا نکر زاہد
نہیں ہی قاضی و زہد بہ اشتاق رشوت کا

وہ کم مایہ ہو نہیں روز جزا مرغ عمل میرا
بنے گا صید شاہین ترازوے قیامت کا

اڑا کرتا ہی جو شرم سیہ کاری سے بے پر ہو
مرا مرغ آشیان ہی طائر رنگ ندامت کا

اگر ہو جائے قفس فرقے سے تو توکل کے
مزا ہو سو کھے ٹکڑے میں بھی بیدنان نعمت کا

نہیں جز انفعال جرم کچھ یان مال دنیا سے
ہمارے بعد وارث پائینگے ترکہ ندامت کا

عرق نے انفعال جرم کے طوفان اٹھائے ہین
فلک بھی ایک شیشہ ہی مرے آب خجالت کا

عجب کیا گر ہو جوش انفعال جرم اسد جبہ
ڈبو دے کشتی تن کو مرے دریا ندامت کا

ہری ہو جائیگی کشت امید معصیت کان
اگر پڑ جائیگا چھینٹا کوئی باران رحمت کا

عجب کیا ہو وہ شاداب و منور رحمت سے
جو کشت تجھ مین تو بوے تخم اشک ندامت کا

طمع بھی کیا بری شی ہی کہ مثل ماہ چندے مین
گھٹا دیتا ہی عزت کو بڑھانا دست حاجت کا

رہو نگا جلوہ دیدار سے بیخود قیامت تک
کیا ماہ تجلی نے کتان ملبوس طاقت کا

قلق دیو طمع کو اک نہ اک دن ہم پچھاڑینگے
ہمین ہی آزمانا زور بازوے قناعت کا

١٢ [illegible]

[illegible]

[illegible]

ہوا مسجود افلاک آستانہ کسکا جز تیرے
فرشتہ کونسے در پر ہوا محتاج اجازت کا

نہاں ہو نیسے اُسکے ہی یہ مز زینت افردوس
ترا سایہ بنا ہی سرمۂ چشم حور جنت کا

لیا عہد نجات نار حق سے وقت حلت بھی
ہوا کوئی نبی ایسا نہ دلسوز اپنی اُمت کا

کرو نگاہ زیر تیری بیڑی سے نفس سرکش کو
ہی نقش پائے قدسی یکہ بازوے حمایت کا

کھینگی دیکھکر نقش قدم کو آپکے حورین
ستارا آنچل چمکا ہوا ہی صبح جنت کا

دعائے مغفرت کی اسلیے تا زیست رو رو کر
بہت تھا پاس اُسکو آبروریزی اُمت کا

مین اُسکی خاک پا کو طوطیائے چشم کرتا ہون
نظر آتا ہی جسدم کوئی زائر تیری تُربت کا

عطا کس پیار سے فرمایا مرحوم خطاب اسکو
خدا نے مرتبہ ایسا دیا ہی کسکی اُمت کا

زمین بوسی درگاہ معلی کا شرف دیکھو
فلک کو مرتبہ حاصل ہو اُس کے اوج و رفعت کا

قلق یہ آرزو ہی چشم مشتاق زیارت کو
کہ ہو مرغ نگہ پروانہ اُس کی شمع تربت کا

ہوا آغاز و انجام اسطرح سے نظم خلقت کا
نبی مقطع رسالت کا علی مطلع امامت کا

ہوا بیت الحرم مشرق ترے نور جلالت کا
تو ہی مصراع اول مطلع صبح امامت کا

۱۳

نگین کی آبرو بس نام سے باعث ہوتی ہے / ترا کسب فخر امامت سے ہے تو ہے فخر امامت کا
زمین سے آسمان تک شان ہے قدر و منزلت اُسکی / بلا شک شیر اعظم علی ہی برج عظمت کا
کبھی اُس نام سے خورشید کے رعشہ نہیں جاتا / اثر باقی ہے اب تک شیر جھکے رعب و صولت کا

مقرر میر اشمع بزم دین تشریف لائے گا
قلق مجکو نہیں ہے خوف تاریکی تربت کا

رگ جان میں بھرا ہے میرے شور اُسکی محبت کا / نمک پروردہ ہوں میں یار کے حسن و ملاحت کا
بنا شیشے میرے جگر ایسہ نازک اُنکی طبیعت کا / مجھی سے ہے پری زاد و نکو دعوے آدمیت کا
خریداری جنس حسن پر رغبت دلاتا ہے / بنا ہے شوق دل دلّال بازار محبت کا
نہ مدے آہ ہے مضراب غم کی چھیڑ سے پیدا / دل نالان نیا پردہ ہے قانون محبت کا
جو وقت قتل اُسکے لعل شیرین کا پڑا پرتو / پلایا آب تیغ یار نے شربت شہادت کا
ہوا یہ دل نہ جب میرا تو پھر کیا اور کا ہوگا / بھروسہ کیجیے تم بھی نہ ایسے بے مروت کا
زمانے کو تو میرے واسطے ان سب نے چھوڑا ہے / نہوں کس طرح میں ممنون درد و رنج و محنت کا
عبث آسودگان خاک کو بدخواب کرتے ہو / ابھی سے کیون مچا رکھا ہے ہنگامہ قیامت کا

کھلا ہی آبیاری رشک غم سے سینے مین
ہرے گلشن مین لالہ نام ہی داغ محبت کا

وفور ضعف ہی فرقت کی شب کیا چین سے سوئن
تن لاغر مرا تنکا ہی چشم خواب راحت کا

مرے ابرو کمان نے عشق نے یہ نام رکھوایے
دل ناشاد تو دا بن گیا تیر ملامت کا

سواے شور قلقل مست کب سنتے ہین واعظ کی
بھرا ہی پنبہ مینا سے پردہ گوش غفلت کا

وہ دیوانہ ہون جسکے پانوٴن مین جب بیابان ڈالین
تو کوہ قاف مین گنڈا کیا پریون نے منت کا

بتاتے سامری کو سحر برسون نرگس جادو
ترے ہونٹھون سے عیسی سیکھ لین پڑھنا طبابت کا

غنی ہونے پہ بھی عیب طمع جاتا نہین ہرگز
دل اہل ہوس ہی پیوند ہر دامان دولت کا

ہوا ہی تنگ پہنایا در رخ مین باعث تزئین
لگا ہی خانۂ دل مین مرے آئینہ حیرت کا

دل شیدا مین جب اُس حور وش کا دھیان آئیگا
ہر اک چاک جگر ہوگا دریچہ قصر جنت کا

بجاے فاتحہ ہر دم وہ یہ آکے کہتے ہین
ق ہماری قبر پر تعویذ ہی سنگ ملامت کا

قلق ملتا ہی لطف حق پرستی بت پرستی مین
نہین عشق مجازی کام ہر اک بے حقیقت کا

تھا قصد قتل غیر مگر مین طلب ہوا
جلاد مہربان ہوا کیا سبب ہوا

۱۵

اگر اے بتو تمھاری کرامات دیکھ لے
شیخ حرم مرید ہو پیر کنشت کا

خورشید روز حشر بنے صورت ہلال
سایہ اگر پڑے دل ظلمت سرشت کا

آیا نہ دام مین ترا دیوانہ اے پری
کوئی چلا فریب نہ حور بہشت کا

پامال ہونگے یار کی رفتار ناز سے
مضمون کھلا یہ آج خط سرنوشت کا

سنگ الم سے ٹوٹا دل اس بادہ خوار کا
اٹھا نہ بوجھ اپنے سے خم سے خشت کا

یاد فروغ رخ تری اے غیرت قمر
ہو نور دیدہ دل ظلمت سرشت کا

دیکھا دہان بھی تجکو جو پہنے ہوے حریر
زاہد اتارلونگا مین حلہ بہشت کا

ق

مجھسے سیہ کار کا ہنگام باز پرس
کاغذ کرینگے پیش جو اعمال زشت کا

اتنا کہونگا کاتب اعمال سے ضرور
کیجیے مقابلہ تو خط سرنوشت کا

شیدا قلق ہین ایک بت شمع رو پہ ہم
پروانہ اپنا دل ہے چراغ کنشت کا

باغ دیوان مین ہے سودن صف پاک اللہ
آشیان ہر دائرہ ہے مرغ بسم اللہ کا

مرتبہ ہے یہ ترے دیوانہ ذیجاہ کا
کشور وحشت مین ہے ہمراہ ڈنکا آہ کا

[illegible]

کر طواف اپنے دلِ مجروح کا تو اگر
ہو ثواب ان بتکدون مین حجِ بیت اللہ کا

محوِ مژگان ہین بہت ناخن ہے انگشتِ شوق
آبلون سے ناز اُٹھیگا بس خارِ راہ کا

آتشِ عشق اس تنِ لاغر کی دشمن کیون نہو
روزِ اول سے عدو شعلہ ہے برگِ کاہ کا

مردہ دل مخمور کو جانبخش ہے عیسی کی طرح
قلقلِ مینا ہی نعرہ قم باذن اللہ کا

اپنے قاتل کی ہین آمد سنکے بسمل ہوگیا
غل ہوا در پر جو بسم اللہ بسم اللہ کا

گنتی مین کے بوسے جو دیکھو ہو ٹھنڈا کاٹا سمجھے ہم
وہ بھی بٹا کاٹ لیتے ہین مری تنخواہ کا

عرضِ شوقِ قتل کی جرأت نہین پڑتی مجھے
رعب قاتل سا نہوگا رعبِ نادر شاہ کا

تخت گرم دل مین یہ گرپڑا آنسو کے ساتھ
ہوگیا ٹھنڈا یہ سیپارہ کلام اللہ کا

انکھین ہین آشوبِ عالم بلا زلفِ سیاہ
فتنۂ محشر لقب ہے قامتِ کوتاہ کا

کسقدر اندھیر ہے اُس ماہ کی سرکار مین
روز ہوتا ہے تنزل اک ترقی خواہ کا

عشق خط مین لاغر ایسا ہون کہ مجھکو ہے قلق
کوہ سے بھی ہے زیادہ بوجھ برگِ کاہ کا

مختصر ہو اپنا قاتل بجہ عشقِ مجازی کا
ہے مہیجِ بحرِ رحمت نام اُس تیغِ حجازی کا

۱۷ ضمیمہ

[illegible]

۱۸

وحشت سے عیب مستی عصیان ڈھنک گیا
ہر داغ دل کے جام کا سرپوش ہوگیا

رخصت میں گفتگو جو شب وصل اُس سے کی
شمع سحر کی طرح میں خاموش ہوگیا

جھک کر ملے جو عید کو اُس شنگ ماہ سے
ہالہ ہمارا حلقۂ آغوش ہوگیا

کیونکر ملائے آنکھ کہ کیف شراب حسن
ساقی کے جام چشم کا سرپوش ہوگیا

اُلفت میں چشم مست کے خود رفتہ دل ہوا
کم ظرف ایک جام میں بیہوش ہوگیا

زاہد جو داغ بڑھ گئے سودائے زلف کے
کعبہ ہمارے دل کا سیہ پوش ہوگیا

خط شعاع موج خرام آپ کی بنی
خورشید ہر ستارۂ پاپوش ہوگیا

قاتل نے سر اُتارا تقاضے سے ہو کے تنگ
گذرا اُسے گران میں سبکدوش ہوگیا

کی زیب کفش نو جو ہیں جان اُس میں آگئی
وہ پاؤں روح قالب پاپوش ہوگیا

جوبن نکالا یار نے دل غش ہوا مرا
اُس نے سنبھالا ہوش میں بیہوش ہوگیا

تزئین کے وقت دیکھ کے نور عذار صاف
خجلت سے گھر میں آئنہ روپوش ہوگیا

تیغ نگاہ قاتل خود بیں کی سُن کے دھاک
آئینہ جوہروں سے زرہ پوش ہوگیا

باندھی ہوا یہ چرب زبانی نے یار کی
شب کو چراغ بزم بھی خاموش ہوگیا

[illegible]

جگہ یہ عشق خال گوشۂ ابرو نے پائی ہی	سویدا بنگیا ہی سنگ اسود کعبۂ دلکا
یہ ثابت ہی مری لیلی کے سیارے بھی مجنون ہین	نہین ہی ہالہ پاے مہ مین ہی حلقہ سلاسل کا
وہ مجنون ہین پس گرد آئے وہ تو رشک کے مارے	غبار اٹھکر بنے پردہ مری محمل کے محمل کا
نہ کر حسن دو ہفتہ پر غرور اے ساقی مہوش	جھلک جاتا ہی اک ہی شب مین ساغر ماہ کامل کا

قلق ہوتی ہی آسانی سے جانبازونکی حل مشکل
حقیقت مین بہت ہی دم غنیمت تیغ قاتل کا

فسونگر حسن عارض ہی مرے زہرہ شمائل کا	گمان خط زنخدان پر ہی دو دو چاہ بابل کا
نہین کم ظلم سے لہو لعب بھی میرے قاتل کا	ہوا کرتا ہی جیسا اسکے گھر مین رقص بسمل کا
اٹھایا جب دوئی کا اتحاد عشق نے پردہ	تو عالم چشم مجنون مین ہوا لیلی کے محمل کا
شبیہ اس کشتۂ دیدار کی تو کھینچنا بہزاد	مصور گر ورق پا آبیاض چشم بسمل کا
دم قتل اسکی بیتابی نے میری آبرو رکھ لی	نہ مین شرمندۂ احسان ہوا شمشیر قاتل کا
نہ کیونکر بازی طفلانہ قاتل دم بدم ٹھہرے	ہوا ہی ایک کھیل اسکو تماشا رقص بسمل کا
بڑا جھگڑا کا کمند لعنت کا ابھی اٹھایا ہی	بہت مشکل ہی بچنا ان بلاؤن سے مرے دلکا

[illegible]

گھل گھل کے شمع بزم جو یون ہوتی ہی تمام
پرچھاوان پڑ گیا ہو کسی دلگداز کا

لی ضعف اریونسے مری نازنین نے جان
انداز نے بھی ساتھ دیا اُنکے ناز کا

اُس زہرہ وش کے گانے مین منھ آ گئی دکھائی
حائل اگر نہیچ مین پردہ ہو ساز کا

اظہار عشق رنگ رخ زرد نے کیا
بندھے یہ اتہام ہی افشائے راز کا

ہو گی قضائے عمر ہی وا اپنی زیر تیغ
آیا ہی آج وقت ہماری نماز کا

مرغان دل کی کشمکش اس دام مین ہے
کوتاہ حوصلہ نہو زلف دراز کا

نالان ہی ایک حلقۂ مغنی کے ہاتھ سے
دامان دل بھی کیا کوئی پردہ ہی ساز کا

کیا کیا لیے ہین شوخ تلون مزاج خلق
نیرنگ دیتی ہی مجھے رنگ ساز کا

بحر جہا نمین اپنی بقا ہی حباب وار
ہو نقش آب نام ہمارے جہاز کا

عیسی و خضر بھرتے ہین دم لیست کا عبث
دیکھا ہی نہین ہی منھ تری شمشیر ناز کا

مخصوص یار غمزہ و عشوہ ہی کچھ نہین
رکھتا ہی اُس سے ناز بھی دعوی نیاز کا

عشق بتان میں نزع مین توبہ کا دھیان ہی
ہنگام قضا رہی وقت احتراز کا

پیدا تو کوئی اتنی حقیقت کرے قلق
دعوے کچھ ایسا سہل ہی عشق مجاز کا

ساقیا تھوڑی سی مدد دے نہیں کچھ سوجھتا
روئے میرے رونے پر جیسا بھی میں دو ہون اسیر
اُس شہ خوبی کے سر داغ عشق سے خالی ہر گھڑی
حلقۂ گیسو تو اُسکے پھانسنا منظور ہے
دل گیا آباد ہمنے داغہائے عشق سے
بت پرستی چھوڑ کر اب حق پرستی کیجیے
وقت غمخواری جو وہ صیاد یاد آیا مجھے

کر علاج بے نشہ کی عید گشت ہون خط جام کا
چشم گریان بن گیا ہر ایک حلقہ دام کا
اب دلمین سکہ جاری ہے اُسی کے نام کا
پڑ رہا ہے ڈورا مرغ دل پہ چشم دام کا
گنج ڈالا اس خزانے مین تمھارے نام کا
نے کہنا کہا نا کس نفس نا فرجام کا
پڑ گیا پھندا گلے مین صبح کو کے دام کا

سوز غم سے اے قلق رونا مجھے یاد آ گیا
آ جب ٹپکا کوئی آنسو کباب جام کا

باد بہار و مے ہمیشہ اُس بت چالاک کا
کیا مہک سے بس گیا سارا مکان ہے گلبدن
ساقیا مے ہے مین جاسے مکشی کے رات دن
عشق مین با بخودی رہتا ہون دن بھر رات مجھے

سرمہ چشم تم مین ہو یارب ہماری خاک کا
غنچہ چٹکا یا کھلا بقچہ تری پوشاک کا
ساہبان کر رہین ہو بھی اُس بستان کا
شام وصلت کی خوشی غم صبح فرقت ناک کا

۲۱

[illegible]

ابھی نہ سمجھا ہے سبب دریا پہ کب جاتے ہو روز
تم بھی چھینٹا کھا گئے شاید کسی پیراک کا

الحذر اُٹھتے ہی کیا کیا ای قلق حمام مین
یار پر سیل طبیعت دیکھ کر دلاک کا

ہے وہ مسکن آپ کے دیوانۂ بیباک کا
اک بگولا ہے فلک جس دشت وحشتناک کا

مٹ گئے پھر بھی ہے باقی شوق دیدار یار
چشم پر حسرت ہے ہر ذرہ ہماری خاک کا

سچ تو ہے نشہ مین کیا ہی سوجھتی ہے دور کی
ماہ پر دھوکھا ہوا خشت خم افلاک کا

وحشت غم مین اُٹھا رہتا ہے کیون جگر مجھے
کیا مین چو رہتا ہون مہد گردش افلاک کا

اوج پر اسدرجہ سیلاب سرشک گرم ہے
برق اک شعبہ ہے بحر اشک آتشناک کا

ساقیا گلگشت مین بھی ہے ادب مد نظر
پھول آنکھوں سے اُٹھا لیتا ہون نخل تاک کا

خال کا بوسہ دیا تو چشم میگون پھیر لی
نشا اُترا مے کا نشا چڑھ گیا تریاک کا

دیکھکر جانبازون کا مجمع سہا دنگاہ مین
حسرت دل تک رہی ہے منہ بت سفاک کا

زور دکھلایا اثر جذب دل نخچیر نے
بڑھ گیا حلقہ کمند آسا تری فتراک کا

دیکھنا کیا فیض صحبت ہے لب جانبخش کا
نام ہے چوب حیات اُس شوخ کی مسواک کا

۲۲

یہ تمنا ہی لبِ جانبخش ہو گر کوئی تیر
ہون دہانِ زخم سے بوسہ لبِ سوفار کا

سیکڑون روزن سے جھانکا ہی پری مین ہمنشین
کیا اثر دیوار مین ہی قہقہہ دیوار کا

خون سے تر ہر دم رہا کرتا ہی او خونریز خلق
زخم دامن دار کیا رومال ہی تلوار کا

رات دن کن گردشون مین اپنی کٹتے ہین قلق
انقلابِ دہر ہی پھرنا نگاہ یار کا

گر پڑی بجلی تو ذکر آیا ترے رخسار کا
چل گئی تلوار جب چرچا کیا رفتار کا

بل جو پڑ جائے سراسر نقش ہی تلوار کا
حسن ہی تیوری سے افزون ابروِ خمدار کا

حکم جنت مین تو جانیکا نہین شیطانکو
کوے جانا نمین ہی یا رب دخل کیون اغیار کا

تیغ عریان پر پڑا جو اُس دُرِ دندان کا عکس
موجہ آب گہر جوہر بنا تلوار کا

ہڈیون سے میری نفرت تھی ہما ے تیغ کو
استخوان تک پہونچی جب مُنھ پھر گیا تلوار کا

اسلیے ہر دم عرق افشان جبینِ یار ہی
تا بھڑک جائے نہ شعلہ آتش رخسار کا

او شکر لب تو عرق آلودہ عارض پر نہین
پی رہا ہو رس شکر خوار اگل رخسار کا

جو خریداری کو آیا جل گیا ای برق حسن
آجکل شہرہ ہی تیری گرمی بازار کا

[illegible]

شب کو کہتے ہیں آنسو تر دن کو خورشید
انگیٹھ شعر نہیں ظاہر ہو اعشقِ پنہان
کی ہو جس منھ سے صفت اُس سے بُرا کیا کہیے

روز نیرنگ یہ دکھلاتا ہے نقشا اُن کا
[illegible] پردہ کیا کھل گیا پردا اُن کا
[illegible] زخم سے کچھ کہیے شکوا اُن کا

اِی قلق گو نہ کہیں لیکن سمجھتے ہیں یہ خوب
میری اُلفت سے ہوا خلق میں شہرا اُن کا

وصل سے افزون ہیں شیلا ہو گیا (?)
مر گئے تو مٹ گیا وہ شور و شر
رہتی جو دل میں گرے یادِ بتان
مر گیا سن کر صدا قلقل کی میں
ہون وہ مجرم جب اُٹھائے میں نے ہاتھ
بندۂ درگاہ کو کر کے شہید
اہل دنیا بھولے ہیں اللہ کو
او شکر لب کیا لگا یادِ انت پر

دردِ دل درمان سے دونا ہو گیا
سو گئے ہم شہر سونا ہو گیا
کعبۂ دل بھی شوالا ہو گیا
ہجر میں شیشہ پنچا ہو گیا
باب توبہ رفتہ وا ہو گیا
نیچہ قاتل کا دونا ہو گیا
ہر کوئی بندے کا بندا ہو گیا
نیچہ جو منھ پہ میٹھا ہو گیا

۲۴

[illegible]

[illegible]

ایک بیک خندۂ افزونسے نکل آئے اشک	واے تقدیر کہ ہنسنے مین بھی رونا نہ گیا
لن ترانی کا مزا پوچھا موسیٰ سے کوئی	ارنی کہتے تو کہہ بیٹھے پہ دیکھا نہ گیا

خط تو قاصد کو دیا لکھ کے ولیکن مجھسے
اے قلق گھر کا پتا اُس کے بتایا نہ گیا

تجھسے گلزار جو اے بلبل نالان چھوٹا	اس دل افگار سے بھی کوچۂ جانان چھوٹا
تھا گرفتار وہ ہر روز نگہبانی مین	اک مرے مرتے ہی سو رنج سے دربان چھوٹا
مژدہ اے دل کہ بس اب اپنی اجل آ پہونچی	حسرت اے جان کہ ہمسے در جانان چھوٹا
حشر کو ہونگا مین اے دست جنون دامنگیر	چاک کرنے مین جو اک تار گریبان چھوٹا
گھر سے نکلو نہ مری جان کہ ہم سنتے ہین	ہوا دو کوڑی کا جب گل سے گلستان چھوٹا
پھر کسی دام مین ہرگز نہ پھنسے گا دل زار	تیرے پھندے سے جو اے زلف پریشان چھوٹا
جیتے جی ساتھ نہ چھوٹا تو لپٹ لگ اے شوخ	خاک سے بھی نہ ترا گوشۂ دامان چھوٹا
غل مچا آگ لگی آگ لگی آگ لگی	کیا کسی داغ سے پھاہا دل سوزان چھوٹا
غیرت و شرم و حیا تجھسے چھٹی تیرے لیے	تجھسے اک دل کا جلانا نہ مری جان چھوٹا

پروانہ وار پھرتی ہے گرد بزم مین
ہوتا نہ عذر شمع کو گر پاے لنگ کا

اگر سینے گے چاک گریبان مراسیح
دیوانہ ہو نئین حسن بتانِ فرنگ کا

نکلا پئے شکار جو وہ شہسوار ناز
ہر صید شیفتہ ہوا زینِ خدنگ کا

لکھے ہین ہمنے وصف خط سبز یار کے
جو دائرہ ہے نامے مین ساغر ہے بنگ کا

یارو بتون کی سنگدلی کا ہو نئین شہید
تعویذ چاہیے مری تربت پہ سنگ کا

پتھرائین آنکھین اسکی آئی جو بے مثال
عارض ترا ہو نور کا آئینہ سنگ کا

دریا مین چھینٹے جب کہ وہ مطرب پسر پڑا
جام حباب جام بنا جلترنگ کا

پر تو پڑے جو اس بت قاتل کے چہرے کا
عالم ہو آب تیغ مین بھی آب گنگ کا

دیکھا جو ساتھ قافلۂ اشک کے قلق
دھوکا ہوا مجھے دل نالان پہ زنگ کا

۲۶

زلف و رخ کی عاشقونکو فکر صبح و شام کیا
رند مشرب ہین ہمارا کفر کیا اسلام کا

اپنی ہستی مٹگئی ہمکو دوئی سے کام کیا
ہو انا المحبوب لب پہ نامہ و پیغام کا

خود فروشی پہ ہے مصروف اب وہ سیم اندام کیا
ہے متاع حسن کا منظور اسے نیلام کا

برنگ شمع روشن ہو گئی ہر موج مے ساقی
پڑا پرتو جو ساغر میں حنائی روئے گلگون کا

مرے نزدیک کیا ہے بوئے مشک و نکہت سنبل
کہ ہوں میں سونگھنے والا شمیم زلف شبگوں کا

لکھی ہے جو غزل وصف دہان یار میں میں نے
بنا ہے آشیاں ہر دائرہ عنقائے مضموں کا

وہ دیوانہ ہوں جب سے شیر مجکو شیر مادر ہے
نہیں کم دامن دریا سے ہر کوہ و ہاموں کا

یہ کی اس طفل لیلیٰ وش نے غم شادی میں خست میں
عوض پتھر کے مارا مجکو ڈھیلا چشم مجنوں کا

گلستاں جا بجا پڑھتے ہیں لڑکے میرے دیوانکو
لکھا ہے وصف جو اس رشک گل کے روئے گلگوں کا

چرا کر دلکو دزدیدہ نظر سے ساقی مہوش
کٹورا آپ وہ ٹڑاتا ہے یہی چشم میگون کا

تصور جو ترے دانتوں کا آیا عین قے میں
نظر آیا ہر اک آنسو میں عالم در مکنون کا

وہ دیوانہ ہوں سایہ جس شجر پر پڑ گیا میرا
ہوا اس پر تعین ای پری ہر بید مجنوں کا

وہ منصف ہوں کبھی افسانہ لیلیٰ جو لکھتا ہوں
قلق خامہ بنا لیتا ہوں شاخ بید مجنوں کا

پڑ گیا پرتو جو شب اس انجمن افروز کا
شمع پر دھوکا ہوا خورشید عالم سوز کا

جلوۂ رخ دیکھ کر اس مہر عالم سوز کا
ماہتاب ان پر ہوا عالم چراغ روز کا

روزن قبر سے جھانکے جو وہ عیسیٰ آیا
مر گئے پر بھی ہمیں دید کا آزار رہا

چوم لیں نشہ میں آج انکی نشیلی آنکھیں
عین بیہوشی لذت میں بھی ہشیار رہا

رُخ سے اپنے جو نقاب اُسنے اُٹھایا تو کیا
پردۂ شرم وحیا مانع دیدار رہا

وحشت میں رہے ہیں قیس سے لاکھوں ہمراہ
سارے دیوانوں کا میں قافلہ سالار رہا

بے خطا کون دل آزار خفا تھا تجھسے
عمر بھر تو جو قلق زیست سے بیزار رہا

جائے خون ہر زخم سے فوارہ چھوٹا نور کا
خنجر قاتل نے کیا چاٹا ہے پتھر طور کا

عکس پڑ جائے اگر اُس کے رُخ پُر نور کا
شمع کا شعلہ وہیں بنجائے شعلہ طور کا

کر گیا بیخود نظارہ ایک شک حور کا
کاجل آنکھوں میں تھا کیا وہ دچراغ طور کا

ہوش کھو دیتا ہے عفت اس سراپا نور کا
ہے چمک دانتوں میں جلوہ ہے برق طور کا

دیکھکر بیہوش ہوں جلوہ رُخ پُر نور کا
مٹی کے ڈھیلے کے بدلے سونگھیں پتھر طور کا

جان دی ہے دیکھکر حسن اک سراپا نور کا
ہو مرا صندوق بھی چوب نہال طور کا

جب چلا وہ گام دو اک حشر برپا ہو گیا
شورش خلخال کو سمجھا میں نعرہ صور کا

[illegible]

۲۹

ہو گیا شاید گذر اُس شاہ برق طور کا
وادی ایمن مین اُٹھتا ہی بگولہ نور کا

کچھ سیاہی بتلگئی ہی بل نے تیرگی
صبح کی آنکھون مین ہی کاجل شب دیجور کا

چاہیے جھک جھاک کے ملنا سب سے دیکھو سرکش
ٹھوکرین کھانا نتیجہ ہی سر مغرور کا

جو کہ روشن دل ہین اُنمین عیب بھی ہوتا نہین
دیکھ تو دیکھا ہی کسنے چور شمع طور کا

دامن نظارہ خار خط سے اُلجھا رہنے دے
چاہیے ای رشک یہ وہ چہرہ پُرنور کا

تم ہوے آزردہ بوسے لیکے پچھتاتے ہین ہم
کیا لب شیرین کا بوسہ بھی ہی لڈو بور کا

عشق خط نے کر دیا ہی ناتوان ایسا مجھے
قد خم گشتہ مرا حلقہ ہی چشم مور کا

دست نازک جھاڑ کی شاخین کنول مین چھپا دین
صاف قد یار فرشی جھاڑ ہی بلور کا

نور کے جھڑتے ہین مجھے آگ جب دیتا ہی وہ
کیا تنیچے مین بھی ہی قاتل کے پتھر طور کا

گرم رفتاری تری ای شعلہ وہ ہی شعلہ خیز
نقش پا گویا کہ ہی فرشی کنول بلور کا

اور دو دن مغمتو نئی چکھیان کر لیجیے
ایک دن ہو جاؤگے لقمہ وہان گور کا

سچ مثل ہی رو بر و جھوٹے کے سچا رو سیاہ
بات حق کہنے پہ کیا درجہ ہوا منصور کا

تا کہ سوان کردن نخت دل روشن کے ساتھ
سقف گردون مین لگا دون جھاڑ مین بلور کا

لکھنا ہو وصف شعلۂ رخسار یار کا	جلے ورق ہو ہاتھ مین پتا چنار کا
بیمار عشق ہون لب و دندان یار کا	نسخے مین میرے چاہیے شربت انار کا
رشتے کی طرح سے در دندان کا تیرے زار	ساکن ہو کوچہ گھر آبدار کا
آثار عشق خاک سے بھی اپنے ہین عیان	بیوجہ رنگ زرد نہین ہو غبار کا
ہر ذرہ اپنی خاک کا ہو چشم انتظار	یارب ادھر بھی ہو گذر اس شہسوار کا
ہم عاصیونکو بعد فنا بھی یہ خوف ہو	تختہ الٹ نہ جائے زمین مزار کا
کلیان تلک نہ نکلی تھین جب سے اسیر ہون	دیکھا مزا نہ کچھ چمن روزگار کا
چشمان یار کرنے لگین ہین دلونکو صید	ان آہوونکو شوق ہوا ہو شکار کا
وہ دل جلے ہین شعلہ جو اللہ بنگیا	اٹھا جو گرد باد ہمارے غبار کا
یاد مژہ نے باغ دل داغدار مین	کھٹکا لگا دیا خلش نوک خار کا
کشتہ ہون ایک ترک کے تیر نگاہ کا	انداز مرغ دل مین ہو زخمی شکار کا
رخت سفید صوت مینا مے ہو سرخ	کیا رنگ پھوٹ نکلا ہو اندام یار کا
پھولونکی جا پیالہ ہو لبریز پھول سے	سنجا ہو میکشو قلق بادہ خوار کا

نقصان خط سے کچھ نہوا حسن یار کا

[illegible]

ہوا کشتہ میں جب وہ مسکرائے دو ہی لیکر
بنی موج تبسم تیغا برق لن ترانی کا

رکھا جب زیب دندان آپنے انگشت سیمین کو
ہوا شک مجکو سیپارہ مین گا غنچے کی نشانی کا

صفت لکھنا ہی کرشاک مہر کے پروے تاباںکی
سیاہی مین ہو ضم دود چراغ آسمانی کا

نہ گویا ہو سکا طوطی خط سبز بھی ابتک
اسی منہہ پر ہی دعوا آپکو معجز بیانی کا

جسے عقد ثریا آسمان پر لوگ کہتے ہین
پرانہ دستہ ہی انکی قبائے آسمانی کا

آئی لکھنو مین کوڑلوںکے مول ہین گوہر
ستون شکوہ ہی جنس حسن حوبلی کی گرانی کا

وہ ہم صیاد پیشہ ہین تفنگ کلک فکرت سے
شکار اب کھیلتے ہین وزہ غرفان معانی کا

قدم رکھتے ہی عشاق کے کٹتے ہین القاتل
ترے کوچے مین کیا چھڑکاؤ ہی خنجر کے پانی کا

ستارونکا جو شک ہی آپکے ماتھے کی افشان پر
گمان تم لعنونہ ہی دود چراغ آسمانی کا

ترے قاتل کو طفلی مین بھی تھی مشق ستمگاری
معلم سے سبق پڑھتا تھا وہ شمشیر خانی کا

جھکا کر سر دم فکر سخن مین ڈوب جاتا ہون
گریبان تفکر ہی بھنور بحر معانی کا

کیا ہی سرمے کے دنبالے نے قتل ایک عالم کو
دکھایا آج جوہر اسنے تیغ اصفہانی کا

دم تحریر گلہائے مضامین خندہ کرتے ہین
صریر کلک کیا نالہ ہی مرغ بوستانی کا

مین دیکھونگا کسیکو مصحف رُخ کی قسم کھا کر
نہین دیتے ہماتے ہرگز گریبان ہین کٹے جتنے
نکالا اب منھ سے اوسکا فرشتہ کلمہ بدگمانی کا
لب خنجر سے کب شکوہ سُنا تشنہ دہانی کا
گلوئی کی دشمنی مین کار روغن کرتی ہے شبنم
ہر اک پھول اپنی نظرو مین کنول ہے تیل پانی کا

لگا تا ہون ریاض نظم مین نخل گل مضمون
قلق مین باغبان ہون گلشن رنگین بیانی کا

سب مجھے ناشاد چرخ کینہ پرور نے ستا رکھا
رہی دشمن نے میرے دوست سے مجکو جدا رکھا
لگاوٹ سے علاج کرتی ہے کچھ پھر تیغ قاتل کی
مگر زخم دگر کو کیا کوئی تسمہ لگا رکھا
غنیمت جانتے تھے دور ہی سے دیکھنا اُسکا
سو یہ بھی تو نے او چرخ ستمگر ناروا رکھا
نہ تھکین حسرتین دل کی رہی منھ دیکھنے کی لعنت
قبیلہ آئینہ بس ہمکو صورت آشنا رکھا
تمنا دیکھنا جانبازو لاکھون سر کٹا ڈالے
جو قاتل نے کبھی قبضے پہ ہاتھ اپنا ذرا رکھا
تو وہ گل ہے کہ سُنکر تیری آمد عندلیبون نے
چمن مین فرش پا انداز پھولونکا بچھا رکھا
اُڑا کر لے گیا دل طائر رنگ حنا میرا
بحث بہتان مین تجھپہ روز جنا رکھا
غرض یہ تھی کہ بندے میرے خط کونین کا پائین
خدا نے اسلیے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا

سُرخ رُو ہو گئی ثابت قدمی اُس کی قلق
پاؤن تک بہکے جو خونِ سرِ فرہاد آیا

مہندی مل کر جو اُترکِ ستم ایجاد آیا
خونبہا ہاتھ مین لیتا ہوا جلاد آیا

دم مین عاشق کے وہ شوخ ستم ایجاد آیا
دام مین صید گرفتار کے صیاد آیا

باغبان آیا گلستان مین کہ صیاد آیا
جو کوئی آیا مری جان کو جلاد آیا

وائے قسمت ہوا صد قے مین بھی چھٹنا نہ نصیب
روز بازار مین لے کر ہمین صیاد آیا

ذبح کرتے تو کیا پر مری بے جرمی پر
آٹھ آٹھ آنسو ون روتا ہوا جلاد آیا

بعد مرگ آئی لبِ گورِ فریدون سے صدا
چین اب اُمن مادر کا ہمین یاد آیا

گلشنِ دہر مین وہ مُرغِ ستمدیدہ ہون
اُڑ گئی نیند اگر خواب مین صیاد آیا

گلے رکھ رکھ دیے تلوار پہ جانبازون نے
امتحاناً جو کسی روز وہ جلاد آیا

سخت جانی کا مری جان جو قاتل نے سُنا
دل کڑا کر کے بہت خنجرِ فولاد آیا

ہم مٹے جاتے ہین تم محوِ خود آرائی ہو
خنجر آیا ہو کہ آئینہ فولاد آیا

تھا جو قسمت مین لکھا ہو گا جو انہین حفن بن
تو لڑکپن مین بھی تعلیم کو حداد آیا

کھنچی تصویر مری [illegible] ... [illegible]

[illegible]

... زبان ... دہن ... [illegible] رہا

کبھی ... دل ... خراب رہا

ذوقِ سخن ... [illegible] ... رہا

ذوقِ نشاط ... [illegible] ... اضطراب رہا

ردیف [illegible]

فرطِ شوق ایمان وان ہجوم خواب رہا
کیسی کا ساتھ بعد بہار ساغر بادہ خواری کی
مگر ... میکدہ خراب رہا
... ہوا یا عرش سفیدی چشم
... قصرِ صدف خراب رہا
... زلفِ جانان سے
... اضطراب رہا
... خالِ عارض گلگون ... کھینچا
... شگفتہ سدا گلاب رہا

اسے چمن مین ... زخمِ دل ... لعاب رہا
زبان تیغ مین باقی ... خطوط کا
... کبھی مضمون نسخ ... رہا
ہمیشہ تو کی زبان ... کتاب رہا
... گذری ... تھی ... [illegible] رہا
... لحاظ رہا ... حجاب رہا
وہ زور ... کمان ... حرفِ دل
... جب تک شباب رہا

غزل ۳۴۹

حسد کی جا نہین یہ اپنی اپنی قسمت ہے	کسی پہ لطف کوئی مورد عتاب ہا
شب فراق بس اک پل جھپک گئی جو آنکھ	تمام عمر مجھے انفعال خواب ہا
فراق یار مین سیلاب جوش گریہ سے	بسان مردم آبی میان آب ہا
کسیکی آتش فرقت مین یہ بھی جلتا ہے	کبھی نہ تانے پہ آرام سے کباب ہا
ریاض دہر مین وہ خفتہ بخت ہین کہ سدا	ہمارے باغ کا سبزہ بھی مست خواب ہا
سمجھ کے وادی الفت مین رکھ قدم اے دل	یہ راہ وہ ہے جہان خضر بھی خراب ہا
لگا یا ساغر مے بھی نہ منھ سے اے ساقی	امیدوار شرف کا یہ آفتاب ہا

نحیف کو اُڑ کے چلا اے قلق غبار اپنا
یہ خاک اُڑنے پہ بھی عشق بوتراب ہا

صلح ٹھہری فیصلہ با کیہ گر ہونے لگا	غلط ادھر ہونے لگا شکوہ اُدھر ہونے لگا
دم کی آمد شد نے قوت تیغ یہ دھوکا دیا	طائر جان پر گمان نامہ بر ہونے لگا
دست وحشت سے ہمارا ٹوٹکر ہر تار جیب	صورت مرہم بہر ناسور جگر ہونے لگا
مین فقیر دشت پیما بادشاہ وقت ہون	ہے سر کو جب جنون کی جنبش چتر ہونے لگا

[illegible]

ای قلق مین ہون وہ نازک دل کہ نور ماہ سے
جب کتان پرزے اڑاکر سے جگر ہونے لگا

قسمت سے مل گیا مجھے ساغر شراب کا
چھپنا ہی نجم بخت نے برج آفتاب کا

اُس مہ کے ہاتھ مین نہین ساغر شراب کا
مہتاب سے مقابلہ ہی آفتاب کا

ہر سال قبر پیر مغان پر چڑھاتے ہین
شیشہ شراب ناب کا دونا کباب کا

انصاف پر کچھ آپس مُردن تو باغبان
ہو قبر عندلیب مین تختہ گلاب کا

رویاے وصل کہہ نہین سکتے ہین شرم سے
عالم ہی پیا خواب مین لوگون کے خواب کا

صورتگر وجود کھنچیو مجھ پیر کی شبیہ
تصویر پر لگائیو روغن شباب کا

سیخ مژہ پہ دیکھکے لخت جگر مرا
کیا کیا جلا بھُنا ہی کلیجا کباب کا

مجھ رند بادہ خوار پہ سایہ پریکا ہی
صدقے مین میرے کھینچیو پیالا شراب کا

دامن جنون سے اس صحرا ہی چاک چاک
دھوکا عبث ہی خضر کو موج سراب کا

بیجا نہین ہی گریہ شبنم دم سحر
لبریز ہو چکا ہی پیالا گلاب کا

پیر مغان کے عرس مین یون آئین اہل زہد
گاگر کے بدلے سر پہ سبو ہو شراب کا

۳۵

[illegible]

گلچین نہال آرزوے عندلیب ہین
ہے دید ہم تجکو چاہیے دینا گلاب کا

دستِ نگاہ شوق کو پاس ادب رہا
پردہ کیا نہ فاش تمھاری نقاب کا

چلتی ہے تیز مقتل عشاق مین بہت
دم چڑھ نہ جاے یار کی تیغ خوش آب کا

اب ہے قلق وہ جوش وہ یہ مستیان کہان
پیری اُتار دیتی ہے نشہ شباب کا

گلو پر صاف دھوکا ہو گیا نگین کٹورے کا
رگِ گل مین جو عالم تھا تری انگیا کی ڈوری کا

برابر ایک سے مصرع نظر آتے ہین ابرو کے
تواردکیسے پایا ہے ایک ہین مضمون چوری کا

یہ ہم غم کھاتے کھاتے اک نہ اک دن جان جائیگی
ضرر رکھتا ہے اے دلبر نتیجہ سیر خوری کا

ہوا ہے ہمکو اک مطرب پسر کی زلف کا سودا
ہمارا شور وحشت بھی اک ٹپا ہے شوری کا

خفا ہے گالیان دو چاہو نیند و نہ آنے دو
مین سوتے سوتے چونک اٹھتا ہون مجھے لپکا ہے چوری کا

اگر تم بوسۂ سیب ذقن سے ہو گئے قائل
گلے پر پھیر دیجیے چاقو میوہ خوری کا

کوئی شیدائے عارض ہے کوئی زلفونکا دیوانہ
کسی کو عشق کالی کا کوئی عاشق ہے گوری کا

کہین اچھی جو صورت دیکھ لون دیدۂ نظر دوسے
مری آنکھونکو چورونکی طرح لپکا ہے چوری کا

شبیہ وش اپنے ہاتھ میں وہ شوخ سیمتن ہوگا
منجم کہتے ہیں اس چاند میں سورج گہن ہوگا

پے صید افگنی عازم جو وہ ناوک فگن ہوگا
تو آہوے سپہر اونکا بھی نشانہ ہرن ہوگا

اگر وہ شعلہ رو رونق فزائے انجمن ہوگا
ترا پروانہ پھر کوئی نہ اے شمع لگن ہوگا

لبوں پر دم ہی مشتاقوں نے کیا تو منھ چھپاتا ہی
نہ اک بوسے سے بوسیدہ ترا سیب ذقن ہوگا

نکل جاؤنگا گر سودائے گیسو میں سوے صحرا
تو ہر اک جادۂ رہ مثل افعی راہزن ہوگا

تری الفت میں ہمنے کیسے کیسے کوہ غم کاٹے
کوئی شیریں نہ تجھسی اور نہ ہمسا کوہکن ہوگا

وہ لاغر عشق میں ہیں امتحان ہمنا کرلیجے
کہ مور ناتوان پر بھی یہ میرا پیرہن ہوگا

ثبات اپنا ہو تو ہنسیے کسی کی بے ثباتی پر
چمن میں گریۂ شبنم پہ گل کیا خندہ زن ہوگا

پڑیگا عکس نور رخ جو تیرا تیرے بازو پر
بہ رنگ سبعۂ سیارہ تابان نورتن ہوگا

نسیم آسا ہوا سے دامن شمشیر قاتل ہے
شگفتہ صورت گل اپنا ہر زخم بدن ہوگا

بہار حسن چھا جائیگی نظارے سے عاشق کے
سواد چشم بلبل خال رخسار چمن ہوگا

تاسف کی نظر سے جب وہ بعد قتل دیکھے گا
تو اپنا دامن نظارہ قاتل کا کفن ہوگا

پے گلگشت جائیگا اگر وہ غیرت گلشن
غبار پائے رنگین غازۂ روے چمن ہوگا

۳۷

۳۸

کفر و اسلام کے جھگڑونسے چھڑایا صد شکر	قید مذہب سے جنون نے مجھے آزاد کیا
محفلِ غیر مین بلوا کے جلایا ہم کو	تمنے خلوت مین کسی دن نہ ہمین یاد کیا
جسمین مضمون رقم تھا تری خوش چشمی کا	تو اسی شعر پہ استاد نے بھی صاد کیا
کوہ غم ہمنے بھی او غیرتِ شیرین کاٹا	جوش الفت مین تمہے پیشۂ فرہاد کیا
ایک دن بھی نہ ہمارا کوئی کہنا مانا	ہم بجا لائے جو کچھ آپ نے ارشاد کیا
تیرے دیوانو نکا کس دشت مین مسکن نہوا	کونسا ہے وہ خرابہ جو نہ آباد کیا
حسرت قتل ہی نے جان لی اپنی صد شکر	موت نے ہمکو نہ شرمندۂ جلاد کیا
دیکھو اس عشق فسونساز کے نیرنگ آخر	جان لی قیس کی ٹکڑے سر فرہاد کیا

لاکھ چاہا مگر اک شوخ ہمارا نہ ہوا
کیا جوانی کو قلق مفت مین برباد کیا

ہجر مین رونے سے دیدۂ تر کیا ہو گا	ایسے چھینٹو نسے فرو سوز جگر کیا ہو گا
یادِ اغیار جو وہان ہر گذر کیا ہو گا	دل مین اس شوخ نہ بر انداز کے گھر کیا ہو گا
خرمنِ ہستی عاشق کو نہ کر خاک سیاہ	اسمین حاصل تجھے ای برق نظر کیا ہو گا

۳۹

بڑھکے دانتوں سے ترے اُس گلِ تر کیا ہوگا | موتیا باغ میں ہمسنگ گہر کیا ہوگا

مئے عرفان سے نہ لبریز ہو ممکن ہی نہیں | کفِ نرگس میں تہی ساغرِ زر کیا ہوگا

صورتِ افعی گنجینہ نہ بن حافظِ مال | اپنے ہی کام نہ آیا تو وہ زر کیا ہوگا

مست ہے اُلفتِ ساقی میں جو دل خوف نہیں | کشتیٔ مے کو یمِ غم سے خطر کیا ہوگا

حاصلِ زیست یہی ہے کہ تری اُلفت ہو | دل ہے حسرت زدۂ داغ جگر کیا ہوگا

اُلفتِ ننگِ طلا دی نے کیا مستغنی | محوِ دیدار ترا طامعِ زر کیا ہوگا

آنہ وہ ہوگا تری تیغ نگہ سے دلِ صاف | قائلِ معجزۂ شق قمر کیا ہوگا

پیرِ نفس نہ ہو تو ہے اگر سالکِ شوق | راہزن خضرِ رہِ دشت سفر کیا ہوگا

عاشقانہ جو ہوں اشعار تو دل پر لگے چوٹ | دردناکوں میں نہ ہوگا تو اثر کیا ہوگا

افعیِ زلف کا ہوگا دلِ پرداغ میں دھیان | بے نگہبان درِ گنجینۂ زر کیا ہوگا

تیغِ غم تشنۂ صہبا سے کوئی رکتی ہے | ساغرِ بادۂ گلرنگ سپر کیا ہوگا

یہ وہ آہیں ہیں جگر دوز کہ لگے آگ | نالۂ بلبلِ شیدا میں اثر کیا ہوگا

اور اک دزدِ کفن کا لیا کھٹکا ہمراہ | منزلِ گور میں یہ رختِ سفر کیا ہوگا

بلندی عشق کی جب بانگ انا الله الصمد [illegible]
نعرہ ناقوس برہمن سے [illegible] کا
یار زور اپنا نہال جان نثاری پہ [illegible]
[illegible] قدمین چھل لگا [illegible]
کشور وحشت مین مین اک پہلوان نو دار تھا
قیس نے کیا اوٹھا سنگ [illegible] زنجیر کا
جب ہوا گرم کلام [illegible]
[illegible]
[illegible] کا
نالہ [illegible] ناتوان پر [illegible]
زندہ جاوید ہون کیونکر نہ سب [illegible]
اے بہار رحمت ابر ہے قاتل ترے شمشیر کا
لب سراپا جسکی [illegible] موزون ہو قلق
پھر وصف ابرو مژگان جب قلم ہو تیر کا
کیا بیان نقشہ کرون اوسکی [illegible] کا
صفحۂ دل پر ہے عالم [illegible] تصویر کا
کرم نظارہ نزاکت سے ہو [illegible]

عمر بھر شست بلا مین رہی زخمی کی طرح	گیسوے خمدار کے سودے مین سر ٹپکا کیا
صدمۂ باد خزان غم سے دل لالہ ہا	یہ وہ غنچہ ہے کہ بے موسم سدا چٹکا کیا
جب ستایا درد عشق دخت رز نے ساقیا	لیپ پیر بادۂ گلگوں کی لپھٹ کا کیا

شاہ اختر کا یہ مصرع نقش ہو دلپر قلق
ناک کا تنکا ہماری آنکھ مین کھٹکا کیا

صاف لکھ بھیجا جواب اُسنے مری تحریر کا	لو لفافہ کھل گیا سادہ خط تقدیر کا
اے منجم وصل ہوگا کسدن اُس مہ پارہ سے	آئیگا روز شرف کب کب تقدیر کا
جسکو دیکھو زیر کف گلرہ زمین آتا ہے وہ	گل کے ہاتھ آیا ہے کیا نسخہ کوئی اکسیر کا
کٹ گئی عمر اُس پری کی عشق ابرو مین تمام	برج عقرب مین ہے کیا کوکب ہی تقدیر کا
زیب ہے کہیے وہم رنگین کلام یار اگر	آشیان کنج دہن ہے طائر تقدیر کا
پانو سے مجھ وحشی لاغر کے یہ گھستی نہین	مورچہ کھاتا ہے خرمن دانۂ زنجیر کا
بے لیاقت مدعی پہونچا سکیگا کب ضرر	کارگر کیا نیش ہوگا عقرب تصویر کا
ہیری سوئی اگر میدان محشر مین ہوئی	فائدہ کیا اسمین ہوگا کاتب تقدیر کا

[illegible]

اُسکو اُلفت ناوکِ مژگان جانتی نہین
کونسا دل ہی نشانہ جو نہین اس تیر کا

اُسکے قابو مین دلِ عالم ہی مین حیران ہون
یہ خطِ عارض بھی ہی کوئی عمل تسخیر کا

خانۂ دل تیری صنعت ہی نکر اسکو خراب
نام ہی تعمیر سے ہر صاحبِ تعمیر کا

کشتہ اُس رنگِ طلائی کا ہوس جانکر
کام لیتے ہین ہماری خاک سے اکسیر کا

اہلِ محفل کی زبانگیری کا ہی انجام یہ
دیکھو دنیا ہی مین منھ کالا ہوا گلگیر کا

ای قلق کس درجہ راہِ عقدۂ الفت ہی سخت
پانون یان سب جتے نہ دیکھا ناخنِ تدبیر کا

لکھا مضمون جو اُس شکِ چمن کے روے روشن کا
ہوا دیوان اپنے شانِ بیاضِ صبحِ گلشن کا

دلِ صدچاک حافظ ہی خطِ رخسارِ روشن کا
لٹا کوئی نہ دیکھا ہی نگہبان مہ کے خرمن کا

سو اسیرے گلا کون اُسکے تیغِ تیز پر رکھتا
حقیقت مین ہی گھونٹ کڑوا آبِ آہن کا

نہ نازک دل ہون رنجِ غیر ہی سوہانِ تن عاشق کو
کبھی لین نہ توڑ دوست تو کیا اپنے دشمن کا

گلا مین دیکھکر طوقِ طلائی شک ہوا مجکو
کہ ماہِ نو ہی پروانہ تمھاری شمعِ گردن کا

گھٹا چھائی نہین ہی دودی دودِ باغ پر ہر گل
اُڑا ہی رنگ مسی سے تمھارے ورے سوسن کا

[illegible]

۴۲

گھٹ گیا دلمین خجالت سے ترا دیکھکے قد
سرو گلشن کو بڑا ناز تھا رعنائی کا

دھوم سنکر تری چشم سیہ کی اے شاہ چمین
چشم نرگس کو بھی ارمان ہے بینائی کا

چشم مشکین سے جو اس تیر فگن کی لڑی آنکھ
ہو گیا نشا ہرن آہوئے صحرائی کا

غم عاشق مین کیا ترک نکھرنا اُسنے
گل چراغ آج ہوا مکتب خود آرائی کا

جلسے مین نور کے جلوے نے مجھے چھانکا ہے
چشم روزن مین گمان ہوتا ہے بینائی کا

سب گھمنڈ ٹوٹ گئے ان رقیبونکے مٹا دیتا مین
پاس ہوتا نہ اگر یار کی رسوائی کا

موجودی غیر کو ساقی نے کرامت دیکھو
شیشۂ مے کو مرض ہو گیا ابکائی کا

ظلم خوبان جہان مجسے قلق اُٹھ نہ سکا
نام بدنام کیا صبر و شکیبائی کا

شہرہ بیوجہ نہین زینت و زیبائی کا
قطع جامہ ہے مرے یار پہ رعنائی کا

سیر دیکھو لب جانبخش صنم کے بوسے
خضر خط کو بھی دعوی ہے مسیحائی کا

طول سا طول ہے مرتا ہون نہ ہوتی ہے سحر
روز محشر ہے لقب اُس شب تنہائی کا

مجھسے اُن آنکھونکو وحشت ہے اگر مجکو ہے عشق
کھیلا کرتا ہون شکار آہوئے صحرائی کا

بیتابی الفت نے کیا ہی سبک ایسا
خاطر پہ گران یار کی نظرون میں ہون ہلکا

وہ سوختہ جان ہون جو اٹھے دود دل اپنا
دنکو صفت شام ہو نظرون میں دھوندھلکا

پھلنی کیا اس نالے نے پتھر کا کلیجا
پوچھو جگر کوہ سے توڑا اپنی رفل کا

جوبن پہ شب مہ ہی ہوا جلتی ہی ٹھنڈی
ساقی کوئی ساغر کئی گلرنگ کا چھلکا

لکھی ہی ہر بس کاوش خال لب شیرین
خامہ بھی مرا پیش ہی زنبور عسل کا

اب یہ نئی ہی کشتۂ دیدار کی حالت
آنکھوں میں مر اٹکا ہی بھروسا نہیں پلکا

پیغام زبانی بھی کوئی کہنے نہ پایا
خط پڑھتے ہی لکھوالیا قاصد سے مچلکا

کس چین کی نیند آتی ہی کیا آمین ہی حسرت
پوچھون جو معبر ہو کوئی خواب اجل کا

ہر وقت محبت میں مرے درپئے جان ہی
پہلو میں قلق دل نہیں دشمن ہی بغل کا

دل خستہ ہو تو لطف اٹھے کچھ اپنی غزل کا
مطلب کوئی کیا سمجھیگا مستونکی غزل کا

عالم تھا پڑی خرمن جان برق اجل کا
جب پیچھے کا منو باڑ دپٹے سے وہ جھلکا

اب یہ خط جام بھی دشوار ہی ساقی
قاضی نے لیا دختر رز کا بھی مچلکا

۴۳

تشنہ کیا جا میں گیا کرتا مری مٹی خراب
گر زمیں چھوڑی فلک سے بہر تربت مانگتا

باغ عالم میں ہر اک گل کے اگر ہوتی زبان
تیری سی بو باس اور تیری سی رنگت مانگتا

ماہ کنعاں کو وہ بیچنے میں تیرے بید ریغ
اپنے یوسف کی زلیخا سے جو قیمت مانگتا

غیر کا احسان یہ چڑھ ہر ہوتی گوارا اگر
شیر دایہ سے نہ میں بعد ولادت مانگتا

پیر میکش کی جو ہو جاتی کرامت آشکار
سا قیا دست ہو وعظ سے بیعت مانگتا

سوکھے ٹکڑے بھی قناعت کا مزا ملتا اگر
پھر نہ بھولے سے بھی منعم نان نعمت مانگتا

نقد ہوش دو جہاں دیتا میں وہ مئے خوار ہوں
ایک ساغر کی مر ساقی جو قیمت مانگتا

صاحب عقل و علم کو بھی دیکھا چین سے
کیا میں اس غمخانہ میں اسباب لہو مانگتا

موسم گل میں نہ تکلیف ورد دیتا واعظا
توبہ جو توڑنے کی پر اجازت مانگتا

وہ چراغ رہ نہیں جو خوف باد دہر سے
سایۂ دست احبا کی حمایت مانگتا

شیطنت کرتا ہے یہ ممکن اگر ہوتا تو میں
بہر غیر روسیہ بھی طوق لعنت مانگتا

تشنۂ دیدار ہوں کیا عجب جو وقت نزع
شربت دیدار ہی میں جائے شربت مانگتا

شوق ولادعیہ میں گذران دیتا دو گواہ
خونگی میرے اگر حاکم شہادت مانگتا

دل اپنا کوئے لف صنم مین ٹھٹک گیا
لو اور شیشے خضر بھی رستہ بھٹک گیا

نظروں مین میری تیر نگہ وہ کھٹک گیا
سینہ جو توڑ کر جگر و دل تلک گیا

تڑپایا اس قدر ہمین درد فراق نے
بستر جگہ جگہ سے ہمارا مسک گیا

جلوے سے نور عارض روشن کے اے قمر
زخمی تمہاری تیغ نگہ کا چاٹ گیا

تشبیہ دی جو ابروئے پرخم سے یار کے
طالع کا ماہ نو کے ستارہ چمک گیا

قاصد سے لیکے خط مرا شوخی تو دیکھنا
مضمون اضطراب کو پڑھکر بھڑک گیا

اب دام مین تمہارے مراد دل نہ آئیگا
اے جان یہ غزال رمیدہ بھڑک گیا

بڑھ بڑھکے بولتا تھا مین رحمت کے نام پر
اعمال نامہ دیکھکے پیچھے سرک گیا

گرمی آتش رخ دلدار دیکھنا
مثل سپند خال کا دانہ چٹک گیا

مجھ روسیہ کی پھیلی یہ تاریکی عمل
جگنو سا آفتاب قیامت چمک گیا

مین نے نہ پائی نام پہ دیکھے جو نہ مرا
تاثیر دیکھو جام ہی خود چھلک گیا

وحشت مین جب وہ خار مژہ یاد آگیا
کانٹا سا میرے پانے جگر مین کھٹک گیا

وادی عشق مین مجے یوسف جمال کے
مین کیا تمام قافلہ رستہ بھٹک گیا

غیروں کو ساتھ لے کے کیا خوب ہم کو شاد | کیوں جی یہی علاج دل ناصبور تھا
پوچھو نہ آفرینش احمد کا تم سبب | منظور اپنی ذات کا اُسکو ظہور تھا
شب بھر دکھا کے راہ نہ آئے جو صبح تک | وہ ایسا کونسا تمھیں کار ضرور تھا
اُٹھتے ہی اُسکے عارضِ پُرنور سے نقاب | کافور شمع بزم کے چہرے کا نور تھا

کچھ آج عاشقی کا نہیں شوق امر قلق
مدت سے اس شراب کا دل کو سرور تھا

ہر دل عزیز میر ابت رشک حور تھا | یعقوب کیا وہ دیدۂ یوسف کا نور تھا
مین کیا کہوں جو وہ صنم رشک حور تھا | آرام جان سرو بدن آنکھوں کا نور تھا
وہ کیا ہوا جو آپکے چہرے پہ نور تھا | اس حسن چند روزہ پہ اتنا غرور تھا
بیدرد تجھسا کوئی نہ اے شوخ حور تھا | جو دل تھا تیرے عہد میں وہ ناصبور تھا
کیا کیا لیے ہیں جذب محبت نے ہم سے کام | جبتک ہمارے بس میں دل ناصبور تھا
پیدا کیا تھا ہمنے تقرب جو یار سے | مشہور اس دیار میں کیا دور دور تھا
بیداد نے تری اسے سب کچھ دکھا دیا | آگے ستمگری کا فلک کو شعور تھا

ارادہ ہے ذقن کا لینگے بوسہ اس سیمی قلبی کے
پڑا چکھینگے ہم بھی اکدن سیب زنخدانکا

مری مٹی مین بھی خاصیت اکسیر پیدا ہی
کہ مین کشتہ ہون اک سیماب پارہ کے المابن دندانکا

پہونچتا ہو کب اپنا ہاتھ اس گل کے گریبان تک
ہوا ہو جسکی خاطر چاک دامن جیب و دامانکا

کیا ہو قتل مجھکو یار کے بیت حنائی نے
بریدہ چاہیے تربت مین میری شاخ مرجانکا

بیابان جنون مین کیون نہ رکھو نین عزیز انکو
گمان خار مغیلان پر ہے تیرے مژگان کا

وہ ترک جنگجو مجھسے اگر آنکھین لڑائیگا
کھنچے گی تیغ ابرو کی چلیگا تیر مژگانکا

گل داغ جنون کثرت سے سینے پر شگفتہ ہین
مرا چاک گریبان بھی ہو دروازہ گلستانکا

نشے بہکا نیکو راہ طلب مین خضر اکثر
بنا مانند چشم غول ہر ذرہ بیابانکا

عنایت گرد صحرا کا قلوح ہمکو کیا خلعت
جنون نے رکھ لیا پردہ ہمارے جسم عریان کا

اگر کرتا وہ نظارہ لب جانبخش جانانکا
سکندر ایکدن خواہان نہوتا آب حیوانکا

رقم کرتا ہون کچھ وصف ابرو دندان جانانکا
ورق آتا ہو نین ہاتھ سے کلک گہر افشانکا

جو اسکا سینہ پرنور دیکھا تو مین سمجھا
ہوا خورشید طالع مشرق چاک گریبانکا

وہ سخت جان ہون جو کرتا مجھے وہ قاتل قتل
یہی چلن تھا جو بازار عشقبازی مین
بھلا ہوا نہ سنی ہمنے بدزبانی یار
اثر اگر کشش شوق قتل دکھلاتی
صفا پر اُسکی مہ و مہر گر نظر کرتے
جو پاؤن توڑکے اک جا نہ بیٹھ رہتا مین
شراب خانے مین ہوتا گذر جو واعظ کا
تمھین بتاؤن مین ناصح کی کسطرح سُنتا
نہ سہنے پڑتے اگر وہ نصدمۂ شب غم
فروغ دیکھ کے اُس شمع بزم کا شعلہ
ہمارے چلن پہ نکرتا نظر اگر وہ کریم
ہمارے روز سیہ دیکھتی تو ہیبت سے
قلق رہا ہی مجھے پاس وضع عشق مین بھی

تو تیغ کا بھی مرے ساتھ دم نکل جاتا
ہمارا اسکے داغ جنون بھی چل جاتا
ہمارے منھ سے بھی اُس وقت کچھ نکل جاتا
تو تیغ کمر یار کا اُگل جاتا
تمھارے چہرے پہ پانے نگہ پھسل جاتا
تو کوئی جوڑ رقیبونکا مجھپہ چل جاتا
جمال دختر رز دیکھکر پھسل جاتا
سنبھالنے سے دل غمزدہ سنبھل جاتا
تو اتنا جلد مین کیون دن کی طرح ڈھل جاتا
تڑپ کے پردۂ فانوس سے نکل جاتا
کھرون کیساتھ یہ کھوٹا درم بھی چل جاتا
شب فراق کا بھی رنگ رخ بدل جاتا
مزاج یار نہ تھا مین کہ جو بدل جاتا

[illegible]

فروغ وودہان ہاشمی آگے نہ ایسا تھا	کیا ہی نام روشن آپنے اپنے اب و جد کا
گناجاؤن ترے دیوانگان عشق گیسو مین	ملے آزاد نامہ جب کسی روح مقید کا

قلق کوئی نہین اب دلمین وارمان بجز اسکے
خدا دکھلاسے جلدی مرقد انور محمدؐ کا

ہم بغل جسوقت ہمسے وہ گل تر ہوگیا	پیرہن کیا جامۂ تن تک معطر ہوگیا
جب مقابل یار کے دانتو نسے گوہر ہوگیا	آب خجلت سے تمام اسکا بدن تر ہوگیا
جسکو وصل اس آئینہ رو کا میسر ہوگیا	بخت اسکا غیرت بخت سکندر ہوگیا
اسنے دکھلایا اثر اپنے طلائی رنگ کا	نقرئی پہنا تو سب سونے کا زیور ہوگیا
پرتو رخسار سے اک آسمان حسن کے	ذرہ ذرہ رو کش خورشید محشر ہوگیا
چاہتا ہی سکا مین کلمہ پڑھون آیا ہی آئے	نامے کے لانیسے کیا قاصد پیمبر ہوگیا
اسقدر کی رخنہ اندازی خلق لگ آہ نے	رفتہ رفتہ یار کی دیوار مین در ہوگیا
لاکھ دربانوں کو بٹھلا مین در انداز اتو کیا	دلمین اپنے خانمان برباد کے گھر ہوگیا
ہمنے لکھا تھا جو خط مین اپنی بربادی کا حال	راستہ ہی مین تباہ اپنا کبوتر ہوگیا

[illegible]

تیغ ابرو کے لگاتے جگر و لب پہ وار
سخت جانی نے شہادت ہی سے رکھا محروم

بدگمان اشنا ہو غیر وہ کیسے بھڑ کانے سے
وحشت عشق نے تار زیست بنا ہی مجھسے

یاد دہن پیچ تری زلف کو کیا کیا اے جان

میرے قاتل نے ذرا مجکو سنبھلنے نہ دیا
حلق پر خنجر سفاک کو چلنے نہ دیا

یار نے عطر بھی پوشاک مین ملنے نہ دیا
پانون باہر مرا زندان سے نکلنے نہ دیا

دام مین لا کے محبت نے نکلنے نہ دیا

پاس مہمان اسے کہتے ہین کہ تار زیست قلق
خار غم آبلۂ دل نے نکلنے نہ دیا

جو ساقیا تو نے پی کے ہمکو دیا ہے جام شراب آدھا
وہ برگ گل ہین کہ رہگئے سب اسی مین کنگیا وہ سارا

کہا نگہی اب وہ لب تر انی تنہ جا پی کی کا عاشق
جو اے کاملین جاہتا ہی تو ذبح کر ڈال جلد قاتل

دماغ دیکھو مرے صنم کا گلا جو کرتا ہون ستم کا
سفید و سرخ ایسی ہے وہ رنگت کہ جب بنا ہو گا جھکا تیلا

تو اپنے ہاتھو نسے کاٹکر وے ہمارے منہ مین کباب آدھا
ہنو محشر کے محکمے مین ہوا ہے ابتدا میرے حساب آدھا

ہنوز کھولا تھا بہر دیدار اسنے بند نقاب آدھا
نچھوڑنا مجکو نیم بسمل کہ پائیگا تو ثواب آدھا

تو دیتے ہین پیار ہی یا تکا بہ وہ مجھے بدقت جواب آدھا
ملا یا ہوئیگا زمین صانع نے آدھا مینہ شہاب آدھا

رضوان ہمین جو روکیگا چلا ینگے ملک
جانے دو ان کو ہین یہ غلامانِ مصطفا

کیا آفتابِ حشر کی گرمی ستائے گی
ہم ہونگے زیر سایۂ دامانِ مصطفا

بادِ خزان ظلم سے سب باغیون نے ہائے
تاراج کر دیا چمنستانِ مصطفا

ہوتے نہ آپ خلق تو ہوتا نہ کچھ بھی خلق
دونون جہان ہین بندہ احسانِ مصطفا

خوف انکو باز پرسِ قیامت کا کچھ نہین
جو امتی ہین تابع فرمانِ مصطفا

دنیا کے ذائقون پر اسی سے نظر نہ کی
سب نعمتون سے سیر تھے مہمانِ مصطفا

خورشید آسمانِ نبوت حضور ہین
برجِ شرف ہی گوشۂ ایوانِ مصطفا

کس سے مثال دیجیے ایسا وہ کون ہے
برتر ہی سب سے بعد خدا شانِ مصطفا

عصیان سے کیون ہین سر بگریبان کہ حشر مین
ہو گا ہمارے ہاتھ مین دامانِ مصطفا

ہونگے رسا نصیب ہمارے بھی ای قلق
دیکھین گے ہم بھی مرقدِ ذیشانِ مصطفا

سودا ہوا ہی جب سے اُس زلف پر شکن کا
